بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب مستطاب

مجمع الفضائل

جلد اوّل

ترجمہ

مناقب علامہ ابن شہر آشوب ؒ

مترجم

سید المفسرین ادیب اعظم

مولانا سید ظفر حسن صاحب قبلہ ؒ امروہوی

(مصنف دو سو سترہ (۲۱۷) کتب)

ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ) ناظم آباد ۲ کراچی

ے سرفراز فرماتے رہیں گے تو ہم جلد اپنی منزل مقصود پر پہنچ جائیں گے۔ وما توفیق الاباللہ

دعاگو

احقرالزمن سیّد ظفر حسن نقوی

مترجم کتاب ہذا

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ ناظم آباد ۵ کراچی

مطبع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ قریشی آرٹ پریس ناظم آباد ۵ کراچی

کتابت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ سیّد شبیہ الحسن نقوی امروہوی

سال اشاعت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ دسمبر ۲۰۰۲ء بار سوم

ہدیہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (۲۱۰) دو سو دس روپے

وارم کا ۔ زبرقان بن بدر صدقات عوف کا مالک بن نویرہ صدقات بنی یربوع کا ۔ عدی بن حاتم صدقات بنی طے کا اسد و عینیہ بن حصن صدقات بنی فزارہ کا ابو عبیدہ جراح صدقات مزینہ و ہذیل و کنانہ کا ۔

آنحضرتؐ کے پیغامبر

حاطب بن ابی بلتعہ کو مقوقش کے پاس بھیجا ۔ شجاع بن وہب اسدی کو حارث بن شمرو کے پاس ۔ دحیہ کلبی کو قیصر کے پاس سلیط بن عمرو عامری کو ہوذہ بن علی الحنفی کے پاس ۔ عبداللہ حذافہ السہمی کو کسریٰ کے پاس ۔ عمرو بن امیہ ضمیری کو نجاشی کے پاس اور حضرت سے مشابہت رکھنے والے جعفر طیار حسن بن علی قثم بن عباس اور ابو سفیان بن الحرث بن عبدالمطلب و ہاشم بن عبدالمطلب اور مسلم بن معتب ابن لہب اور حسن بن علی اور جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی مکہ سے مدینہ کی طرف وہ ابوبکر عامر بن فہیرہ اور ان کا رہنما عبداللہ ۔ بن ارلقیط ہیں اور حضرت علی کو امانتیں ادا کرنے کے لیے چھوڑا جب ادا کر دیں تو آپ بھی حضرت سے قبا میں آملے ۔

آنحضرتؐ کے خدامؓ

آپ کے خادم آزادوں میں سے انس ۔ ہند و اسما جو خارجہ اسلیہ کی بیٹیاں تھیں ۔ ابو الحمراء ۔ ابو خلف عیونہ خزاعی عبداللہؓ بن حذرو اور یوم حدیبیہ جس نے آنحضرتؐ کا حلق راس کیا وہ خراش ابن امیہ خزاعی تھا اور حج میں جس نے حجامت کی وہ معمر بن عبداللہؓ بن حارثہ بن نضر تھا اور پچھنے لگانے سے جو خون نکلا اس کا (احتراماً) پی جانے والا ابو طیبہ تھا اور ابو الہند غلام فروہ بن عمرو البیاضی تھا جس کے متعلق نبی نے فرمایا ابو ہند تم ہی میں سے ایک شخص ہے پس اس کا نکاح کرو ۔ اور ابو موسیٰ اشعری ۔

آنحضرتؐ کے شعراء

کعب ابن مالک، عبداللہ بن رواحہ، حسان بن ثابت، نابغہ جعدی، قیس بن صرمہ، ابن الزبعری، امیہ بن الصلت، العباس بن مرداس، طفیل الغنوی، کعب بن نمط، مالک بن عوف، قیس بن بحر الاشجعی، عبداللہ بن الحرب، ابو ذہبی الجمحی، اور بجیر ابن ابی سلمہ تھے اور حضرت کی ہجو کرنے والے ابن زبعری السہمی، ہبیرہ ابن ابی وہب المخزومی، منافع بن عبد مناف ۔ عمرو بن العاص، امیہ بن الصلت